پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC
Zahid Ph: 0304-4040225

نظام صحت میں اعلیٰ معیار و خدمات کی فراہمی ناگزیر ہے: پی جی ایم آئی کا دسواں سائنٹیفک سمپوزیم

میڈیکل سے وابستہ ہر شخص کو پیشہ وارانہ تقاضوں کو مدنظر رکھنا ہوگا ،چیئر مین بورڈ آف مینجمنٹ

انسٹی ٹیوٹ سے فارغ التحصیل ڈاکٹرز دنیا بھر میں پاکستان کے سفیر ہیں ،ادارے کا نام روشن ہوا:پروفیسر الفرید ظفر

پروفیسر آغا شبیر علی ،فیکلٹی ممبران ،ڈاکٹرز ،سٹوڈنٹس کی بھرپور شرکت ،نوجوان ڈاکٹروں نے بھی حصہ لیا

لاہور 25فروری:.....چیئر مین بورڈ آف مینجمنٹ پی جی ایم آئی شہاب خواجہ اور پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ نظام صحت میں اعلیٰ معیار کی فراہمی ناگزیر ہے کیونکہ علاج معالجے کے معیار کی فراہمی کے بغیر مریضوں کی صحت یابی انتہائی سست روی کا شکار ہو جاتی ہے لہذا طب سے وابستہ ہر شخص بالخصوص ڈاکٹرز اور سرجنز کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے وقت طبی اخلاقیات اور پیشہ وارانہ تقاضوں کو مدنظر رکھنا ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے دسویں سالانہ سائنٹیفک سمپوزیم کے افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس کا تھیم "Quality Ensurance in Medical Practice" مقرر کیا گیا۔آرگنائزنگ چیئر مین پروفیسر آغا شبیر علی کا کہنا تھا کہ پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ میں سائنٹیفک سمپوزیم کا تسلسل سے انعقاد مثبت اور شاندار روایت ہے اور میڈیکل سٹوڈنٹس کے لئے سیکھنے کو اس ایونٹ میں بہت کچھ ہوتا ہے۔انہوں نے سمپوزیم کے اغراض ومقاصد پر بھی روشنی ڈالی۔پروفیسر جاوید گردیزی، پروفیسر محمود شوکت ، پی جی ایم آئی کے فیکلٹی ممبران ،ایم ایس ڈاکٹر محمود صلاح الدین، ڈاکٹرز کے علاوہ گریجویٹ و انڈر گریجویٹ طلباو طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر پروفیسر جاوید گردیزی، پروفیسر محمود شوکت و دیگر مقررین نے کہا کہ آج کے سائنٹفک سمپوزیم کی انفرادیت یہ ہے کہ مختلف شعبوں کے اساتذہ ایک ہی چھت تلے موجود ہیں اور اپنے اسٹیٹ آف دی آرٹ لیکچرز کے ذریعے اپنے تجربات سے ینگ ڈاکٹرز کو مستفید کر رہے ہیں جس کا کوئی نعم البدل نہیں۔

اپنے خطاب میں پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ طب کے میدان میں اعلیٰ تعلیم وتربیت کی فراہمی کے لئے اس ادارے نے ہمیشہ شاندار سہولیات فراہم کی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پی جی ایم آئی سے فارغ التحصیل ڈاکٹرز درحقیقت بیرون ملک پاکستان کے سفیر ہیں اور اُن کی ذمہ داری ہے کہ وہ ترقی یافتہ ممالک میں صحت کے شعبے میں ہونے والی پیش رفت اور جدید تحقیق سے اپنی مادر علمی میں گریجویٹ اور انڈر گریجویٹ کی تعلیم حاصل کرنے والے نوجوان ڈاکٹرز کو اُس سے آگاہ کریں تاکہ سینئرز کے تجربات سے دیگر ڈاکٹروں کو بھی سیکھنے کا موقع مل سکے۔انہوں نے لاہور جنرل ہسپتال کی کارکردگی پر بھی روشنی ڈالی۔مہمان خصوصی شہاب خواجہ نے بھی سمپوزیم کے انعقاد پر انتظامیہ اور پرنسپل کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ میڈیکل کے شعبے میں ایسی سرگرمیاں انتہائی لائق تحسین ہیں جن سے بالخصوص زیرتربیت ڈاکٹرز کو بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔سوال وجواب کا سیشن بھی ہوا،جس میں میڈیکل سٹوڈنٹس نے گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے حصہ لیا۔

☆☆☆☆

پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے سالانہ سائنٹفک سمپوزیم کے موقع پر
چیئرمین بی اوایم شہاب خواجہ کا پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر اور پروفیسرز کے ہمراہ گروپ فوٹو

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر پروفیسر ڈاکٹر جاوید گردیزی کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں